تک غائب ہوجائیں گے اور پھر ظاہر ہوں گے۔

(6)......ان کے زمانے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا اور نزول کے بعد سب سے پہلی نماز آپ حضرت مہدی علیہ الرضوان کے پیچھے ہی ادا فرمائیں گے (جیسا کہ صحیح مسلم اور المنار المنیف کے حوالے سے گذرا)۔

الغرض یہ ہیں مہدی کی وہ چیدہ چیدہ خصوصیات جو اہل سنت کی کتب میں مذکور ہیں۔ (مہدی کے بارے میں کتب اہل سنت میں مذکور تمام روایات اور ان کی اسناد کا مفصل طور پر جائزہ لینے کیلئے ڈاکٹر عبدالعلیم بستوی کی کتاب ''**المهدي المنتظر في ضوء الاحاديث والآثار الصحيحة**'' اور اس کا دوسرا حصہ ''**الموسوعة في أحاديث المهدي الضعيفة والموضوعة**'' کے مطالعہ کا مشورہ دوں گا (جو المكتبة المكية ـ مكة المكرمة اور دارابن حزم ـ بيروت، لبنان سے طبع شدہ ہے) جس میں مصنف نے اس موضوع پر تقریباً 135 مرفوع روایات پر مفصل تحقیق کی ہے (جو کہ کتب اہل سنت میں موجود ہیں) اور مصنف مذکور کی تحقیق کے مطابق ان میں سے صرف 30 روایات صحیح یا حسن درجے کی ہیں، باقی 105 روایات ضعیف یا موضوع ہیں، اس کے علاوہ صحابہؓ و تابعین کے آثار بھی کثیر تعداد میں ذکر کیئے ہیں، جن میں سے صرف 15 آثار کو صحیح بتلایا ہے، نیز مہدی سے متعلقہ روایات پر جن لوگوں نے اعتراضات کیے ہیں ان کا بھی مفصل جائزہ لیا گیا ہے، اور یہ بات اہل علم جانتے ہیں کہ اصول حدیث کی رو سے اگر کسی مسئلہ میں صحیح وضعیف دونوں قسم کی روایات ملتی ہوں تو صحیح روایت کے معارض ضعیف روایت کو قبول نہ کیا جائے گا یہ نہیں ہوتا کہ ''اختلاف روایات'' کو بہانہ بنا کر صحیح اور ضعیف دونوں روایات کو رد کر دیا جائے۔

جاری ہے

مسافرانِ آخرت

- ☆ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے نائب امیر حافظ ناصر الدین خاکوانی کے عزیز جناب سالک خاکوانی مرحوم گزشتہ ماہ انتقال کرگئے
- ☆ قاری گوہر علی کے برادرِ نسبتی محمد علی چک 265 بورے والہ، انتقال 18 فروری 2015ء
- ☆ شیخ حسین اختر لدھیانوی کے بھانجے شیخ مرغوب احمد (چیچہ وطنی) کی اہلیہ 11 فروری
- ☆ اور داماد شیخ امتیاز الرحمٰن لدھیانوی (شیخوپورہ) انتقال 9 فروری 2015ء
- ☆ والد مرحوم حافظ محمد اسماعیل (شعلی غربی) گزشتہ دنوں انتقال کرگئے
- ☆ چچا مرحوم شیخ نیاز احمد سٹینڈرڈ بیکری گزشتہ دنوں انتقال کرگئے
- ☆ منصور اصغر راجہ کے نانا مرحوم گزشتہ ماہ انتقال کرگئے۔
- ☆ حاجی خلیل احمدؒ برادر محترم قاری شبیر احمد عثمانی چناب نگر 9 جنوری کو انتقال کرگئے
- ☆ تلہ گنگ پچنند کے نومسلم بابا منظور خان مرحوم طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے
- ☆ یونس میڈیکوز ملتان کے جناب شیخ محمد یونس مرحوم گزشتہ ماہ انتقال کرگئے

قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے (آمین)